# MODEL QUESTION PAPER- SSLC EXAMINATION -2015-16

**Subject : THIRD LANGUAGE URDU code 66 U, Scheme RF**

Max Marks :80 — Total pages :5

Max Time 2.30hrs — Total Questions: 46

---

1 ) اس پرچہ میں جملہ 46 سوالات درج ہیں۔

2 ) ہرسوال کے نیچے جواب کے لئے کافی جگہ دی گئی ہے لہذا جوابات اسی جگہ لکھئے جوجگہ جوابات کے لئے رکھی گئی ہے۔

3 ) اس پرچے کو جملہ تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حصہ نثرونظم، دوسرا حصہ قواعد اور تیسرا حصہ انشاء سے متعلق ہے۔

4 ) حصہ ''ب'' میں معروضی سوالات دئے گئے ہیں کاٹ کریا تصیح کر کے لکھنے پر نشانات کاٹ دئے جائینگے۔

## Part-- A حصۂ الف

درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے — 10X1=10

01) شفیع الامم سے مراد کون ہیں؟

02) کونسی خواہش چاند کو دن رات پھراتی ہے؟

03) حسن گنگو بہمنی کا مقبرہ کس نے تعمیر کیا؟

04) مولانا محمد علی جوہرؔ کا لقب کیا تھا ؟

05) ملا نصیرالدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا؟

06) نظم ''پیغام یکجہتی'' لکھنے والے شاعر کا کیا نام ہے؟

07) داغؔ دہلوی کے شاگرد کا نام کیا ہے جو اردو کے مشہور شاعر تھے؟

08) پروفیسر راہی کا اصل نام کیا تھا؟

09) کسان کی نظر میں چھوٹا کون اور بڑا کون ہے؟

10) چار مصرعوں پر مشتمل نظم کو کیا کہا جاتا ہے؟

**نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو تین جملوں میں لکھئے:** 2X10=20

(11) حضور اکرم ﷺ کے حرمِ پاک پہنچے پر لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا؟

(12) شاعر سید احمد شاؔکر نے کن کن باتوں کا برا انجام دیکھا ہے؟

(13) شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

(14) ساغؔر کرناٹکی کے مطابق جانور اور آدمی میں کیا فرق ہے؟

(15) نانوٹکنالوجی کی مدد سے ''کینسر'' پر کس طرح قابو پایا جاسکتا ہے؟

(16) کسان اپنے آپ کو ''چڑھتا سورج کیوں کہہ رہا ہے؟

(17) ریاست میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد ہوئی ؟

(18) مولانا محمد علی جوؔہر کے اردو اور انگریزی اخبارات کے نام لکھئے؟

(19) پروفیسر راؔہی کا حلیہ مختصر حلیہ بیان کیجئے۔

(20) رباعی میں عؔطا کلیانوی نے ''خاموش'' رہنے کی کیوں نصیحت کی ہے؟

**درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین چار جملوں میں تحریر کیجئے:** 3X5=15

**بحوالۂ متن تشریح کیجئے:**

21) ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے''۔

22) ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھر جائے گا''۔

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح اپنے الفاظ میں لکھئے**

(23) ؎ ''یاروں کی محبت کا یقیں کر لیا میں نے پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا''

(24) ؎ ''صدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں''

(25) درجِ ذیل میں سے کسی ایک شاعر یا نثر نگار کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے:

۱) مجتبیٰ حسین ۲) علامہ اقبال

تفصیلی جوابات مطلوب ہیں: 2X4=8

26) حضرت عائشہؓ کی فیاضی اور سخاوت کا کوئی واقعہ پیش کیجئے۔

27) کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے: ۱) چانداور شاعر ۲) پیغامِ یکجہتی یا

حمد/نعت کے کوئی چار اشعار اپنی یادداشت کی مدد سے لکھئے۔

## حصہ ''ب'' Part B

**درجِ ذیل سوالات کے نیچے چار جوابات درج ہیں موزوں ترین جواب چن کر جواب کے لئے دی گئی جگہ پر لکھئے۔**

28) عموماً شعرا مجموعہ کلام کی ابتدا کس صنفِ شاعری سے کرتے ہیں 12X1=12

الف) نعت ب) حمد ج) رباعی د) قطعہ

29) غزل کا پہلا شعر کیا کہلاتا ہے؟

الف) مطلع ب) مقطع ج) تخلص د) منبع

30) درجِ ذیل میں سے کونسا لفظ مضمون سے تعلق نہیں رکھتا ہے؟

الف) توحید ب) تمہید ج) نفس مضمون د) اختتام

31) غیر متعلق صنفِ ادب الگ کیجئے

الف) چانداور شاعر ب) جاپان چلو جاپان ج) پیغامِ یکجہتی د) کسان

32) لفظِ ''جنوں'' کے معنی ہیں

الف) جاذبیت ب) جاننا ج) دیوانگی د) جہالت

33) وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا ہے

الف) مستقل کلمہ ب) کلمہ طیبہ ج) غیر مستقل کلمہ د) نامانوس کلمہ

34) درجِ ذیل سے ''سابقہ'' الگ کر کے لکھئے

الف) نوعمر ب) یادگار ج) یادگار د) اردودان

35) مرکب جملے کی نشاندہی کیجئے

الف) صدف گا رہی ہے
ب) شیریں ہنس رہی ہے
ج) دیوانگی چھائی ہے
د) ایان کھیل رہا تھا، اور فیضان پڑھ رہا تھا

36) لفظ ''قدیم'' کی ضد ہے

الف) شدید
ب) جدید
ج) مرید
د) حدید

37) قواعد کے اعتبار سے ''جمع'' الگ کر کے لکھئے

الف) عدد
ب) جسم
ج) مقاصد
د) شئے

## حصۂ ''ج'' Part-C

درجِ ذیل انگریزی جملوں کا آسان اردو زبان میں ترجمہ کیجئے 3X1=3

38) Once there was a king

39) He was fond of hunting

40) Horse riding was his favourite hobby

41) والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔ 4X1=04

یا میر مدرس کے نام چھٹی کی درخواست لکھئے۔

42) کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے: 4X1=04

۱) ہندوستان جنت نشان
۲) تعلیم کی اہمیت

**درجِ ذیل عبارت بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالات کے جوابات مختصر لکھئے:** 1X4=04

مولانا ابوالکلام آزاد کا شمار ہندوستان کے قابلِ تقلید رہنماؤں میں ہوتا ہے، آزاد کا اصلی نام محی الدین تھا، ابوالکلام لقب، اور آزاد تخلص تھا، ۱۱نومبر 1888 کو مکہ میں پیدا ہوئے والدین کے ہمراہ 1889 کو ہندوستان آئے کولکتہ میں قیام فرمایا، ابھی بارہ سال ہی کی عمر تھی کہ مولانا ''المصباح'' رسالہ کے مدیر بن گئے، لیکن مولانا آزاد کے دو اخبارات ۱)الہلال اور ۲)البلاغ ہیں۔ وہ نہ صرف شعلہ بیان تقاریر سے بلکہ مذکورہ دونوں اخبارات کے ذریعہ جہاد کیا۔ اس وقت تک انگریزوں سے لڑتے رہے جب تک ہندوستان آزاد نہیں ہوا۔ ان کی خدمات کے صلے میں انہیں ہندوستان کا پہلا وزیر تعلیم بنایا گیا۔ ہندوستان نے جو آج تعلیمی میدان میں ترقی کی ہے یہ ان ہی کے بنائے ہوئے راستے پر چل کر ممکن ہوا۔ ہندوستان کا یہ روشن چراغ 1958ء کو گل ہو گیا۔

سوالات:

43) آزاد کہاں پیدا ہوئے؟

44 ) کس عمر میں انہیں مدیر بننے کا شرف حاصل ہے؟

45 ) آزاد کے دو مشہور اخبارات کے نام کیا ہیں ؟

46 ) آزاد کا انتقال کب ہوا؟

(نوٹ: مندرجہ بالا پرچہ اردو زبانِ سوم (برائے جماعت دہم) کا صرف نمونہ ہے۔ بورڈ کو نیلہ خاکہ بغیر اطلاع کے بدلنے کا پورا اختیار حاصل ہے)